مفتی تقی عثمانی مدظلہ کے دادا کا بتایا ہوا وظیفہ

مفتی تقی عثمانی مدظلہ کے دادا استاذ وہ فرمایا کرتے تھے کہ حفاظت کا ایک عمل ایسا ہے کہ کچھ خاص لوگوں کو ہی بتایا کرتا ہوں، لیکن اب چوں کہ عمر کا آخری حصہ ہے اس لئے دل چاہتا ہے کہ ہر مسلمان تک یہ پہنچ جائے اس کی تائید حضرت مفتی ولی حسن ٹونکی صاحب رحمہ اللہ نے بھی کی تھی اور یہ عمل کیا کرتے تھے وہ عمل نیچے لکھا جارہا ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ (تین مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (تین مرتبہ)

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (تین مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰہِ پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ اخلاص یعنی قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ

بِسْمِ اللّٰہِ پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ فلق یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰہِ پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ ناس یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (تین مرتبہ)

وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا (تین مرتبہ) آخر میں کوئی بھی درود شریف تین مرتبہ

اس کے بعد پورے جسم پر دم کرلیں۔ اپنے اہل و عیال اور بچوں کا بھی حصار کرلیں یعنی انگلی سے احاطہ کرلیں۔ فجر کی نماز کے بعد، اور مغرب کی نماز کے بعد انشاءاللہ بے شمار فوائد و برکات کھلی آنکھوں سے نظر آئیں گی، اور شیطانی قوتوں اور بد اثرات سے حفاظت ہوگی، ان اذکار کا خوب اہتمام کرتے رہے۔